آج نیمار کے بغیر بارسلونا کا سیویلا پر حملہ

یوئیفا سپر کپ میں اسپین کے دو معروف کلبوں کا آمنا سامنا۔ بارسا فتح کے ساتھ سیزن کا آغاز کرنے کا خواہاں

تبلیسی (ایجنسی): بارسلونا فٹبال کلب (بارسا) ۲۰۱۵-۱۶ء کے سیزن کی شروعات فتح کے ساتھ کرنے کا خواہاں ہے اس لئے وہ منگل کو یوئیفا سپر کپ کے میچ میں سیویلا کو شکست دینے کے مقصد سے کھیلے گا۔ خیال رہے کہ یہ میچ جارجیا کی راجدھانی تبلیسی میں کھیلا جائے گا۔ اس مقابلے کیلئے بارسلونا کو اپنے اسٹار کھلاڑی نیمار کی کمی محسوس ہوگی کیونکہ وہ گلے میں تکلیف کی وجہ سے دو ہفتوں کے لئے میدان سے باہر ہیں۔

برازیل سے تعلق رکھنے والے ۲۳ سالہ نیمار نے کوپا امریکہ میں اچھا مظاہرہ نہیں کیا تھا لیکن نیمار اور لیونل میسی کی وجہ سے ہی بارسلونا نے گزشتہ سیزن میں ۳ ٹرافیاں اپنے نام کیں۔ سیزن کی شروعات سے قبل ہونے والے میچوں میں نیمار اور میسی کی غیر موجودگی کی وجہ سے اسپینی کلب کو شکست کا سامنا کرنا پڑا لیکن گزشتہ ہفتے ان کی موجودگی کی وجہ سے کلب نے روما کلب کو صفر۔ ۳ سے شکست دے دی۔ میسی اس میچ کیلئے فٹ ہیں اور وہ لوئیس سواریز کے ہمراہ بارسا کی اولین صف میں ہوں گے۔ میسی نے بہترین مظاہرے سے ارجنٹائنا کو کوپا امریکہ ۲۰۱۵ء کے فائنل میں پہنچایا تھا۔ نیمار کی جگہ پیڈرو راڈریگیز لے سکتے ہیں جنہیں مانچسٹر یونائیٹڈ موسم گرما میں خریدنا چاہتا ہے۔ گزشتہ سیزن میں بارسلونا نے لالیگا، کوپا ڈیل رے اور چمپئن لیگ کا خطاب اپنے نام کیا تھا۔ کیٹالن کلب کے پاس پیپ گارڈیالا کے دور میں ایک ہی سال میں ۶ ٹرافی جیتنے کے ریکارڈ کو دُہرانے کا سنہرا موقع ہے۔ اُس وقت مذکورہ ٹرافیز کے علاوہ بارسلونا نے یوروپین، اسپینش سپر کپس اور کلب ورلڈ کپ جیتا تھا۔

سیویلا کے سابق مڈفیلڈر ایوان راکیٹچ نے کہا کہ سیزن کا آغاز فتح سے کرنے میں الگ ہی مزہ ہے۔ ہم مزید ٹرافی جیتنے کے خواہاں ہیں۔ کروشیا سے تعلق رکھنے والے راکیٹچ نے کہا کہ ہم ۶ ٹرافی جیت کر ایک بار پھر تاریخ رقم کرنا چاہتے ہیں اس کے لئے ہم سلسلہ وار قدم بڑھائیں گے۔

دوسری طرف سیویلا ایف سی کا پری سیزن بہت اچھا تھا اور اس کے کھلاڑیوں نے اے ای کے اتھینز کو ایک۔ ایک سے برابری پر روکا۔ سیویلا کے منیجر یونائی ایمری نے کہا کہ ہماری ٹیم میں سپر کپ کے میچ کے تعلق سے تجسس ہے اور ہم اسے ہر حال میں جیتنا چاہتے ہیں۔ ہمیں معلوم ہے کہ ہمارے سامنے دنیا کی بہترین ٹیم ہے لیکن ہم ہمت نہیں ہار سکتے۔ خیال رہے کہ ایمری کو کھلاڑیوں کی انجری کا مسئلہ ہے خصوصاً سینٹر بیک کے کھلاڑی نیکو پریجا اس میچ میں شامل نہیں ہوں گے۔ ان کی جگہ عادل رمی کے کھیلنے کی امید ہے۔ اس کے علاوہ تموتھے کولوڈزیجزیک اور ڈینیل کیریکو کے کھیلنے کا امکان کم ہے۔

یونائی ایمری نے کہا کہ اگر ہم اچھا مظاہرہ کریں گے تو ضرور جیتیں گے۔ اگر ہم زخمی کھلاڑیوں کے مسئلے پر بات چیت کرتے رہیں گے تو بارسلونا کو کبھی نہیں ہرا پائیں گے۔

آج جنوبی افریقہ اے ٹیم کے سامنے آسٹریلیا اے کا سخت چیلنج

چنئی (ایجنسی): غذائی سمیت کی وجہ سے ۱۰ کھلاڑیوں کے اسپتال داخل ہونے سے پریشان جنوبی افریقہ اے کو اگر سہ رخی ون ڈے کرکٹ سیریز کے اپنے اگلے مقابلے میں فارم میں کھیلنے والی آسٹریلیا اے کو ہرانا ہے تو اسے کرشمے کی توقع کرنی ہوگی۔ یاد رہے کہ جنوبی افریقہ کی ٹیم اتوار کو ہندوستان اے کے خلاف میچ کے دوران پریشانی میں گھر گئی تھی جب اسے فیلڈنگ کے دوران ۱۱ کھلاڑی پورے کرنے کے لئے حریف ٹیم کے کھلاڑی مندیپ سنگھ کی خدمات لینی پڑی تھیں۔ اتنا ہی نہیں کھلاڑیوں کی کمی کی وجہ سے جنوبی افریقہ اے کے ویڈیو تجزیہ نگار ہینڈرکس کو بیٹنگ بھی فیلڈنگ کے لئے اترنا پڑا۔ اس کے برعکس عثمان خواجہ کی قیادت والی آسٹریلیا اے ٹیم نے اپنی مہم کا آغاز جنوبی افریقہ اے پر ۹ وکٹ کی کامیابی کے ساتھ کیا جبکہ ہندوستان اے کو ایک میچ میں ۱۱۹ رنوں سے اور دوسرے میچ میں ۳ وکٹوں سے شکست دے دی تھی۔

خواجہ کی قیادت میں آسٹریلیا اے کی فتح کی ہیٹ ٹرک

ہندوستان اے کی ۳ وکٹوں سے شکست۔ ایشٹن ایگر مین آف دی میچ

چنئی (ایجنسی): کیلم فرگیسن (ناٹ آؤٹ ۴۵ رن) اور ایڈم زمپا (۵۴ رن) کی آخری وقت میں ذمہ دارانہ اننگز اور اس سے پہلے مین آف دی میچ ایشٹن ایگر (۳۹ رن پر ۵ وکٹ) کی شاندار بولنگ کی بدولت آسٹریلیا اے نے انڈیا اے کو یہاں پیر کو سہ رخی سیریز مقابلے میں ۳ وکٹ سے شکست دے کر مسلسل اپنی تیسری کامیابی حاصل کرلی۔ عثمان خواجہ کی قیادت میں آسٹریلیا اے نے سہ رخی سیریز میں فتح کی ہیٹ ٹرک پوری کرلی۔

انڈیا اے نے ٹاس جیت کر پہلے بلے بازی کرتے ہوئے آسٹریلوی ٹیم کے سامنے ۹ وکٹ پر ۲۵۸ رن بنائے، جس کے جواب میں مہمان ٹیم نے کمال کی بلے بازی کرتے ہوئے ۹ گیندیں باقی رہتے ہوئے ۴۸.۳ اوور میں ۷ وکٹ پر ۲۶۲ رن بنا کر جیت اپنے نام کرلی۔ اس جیت سے آسٹریلیا اے کو ۴ پوائنٹس ملے۔

آسٹریلوی ٹیم کی یہ مسلسل تیسری جیت ہے جس نے جنوبی افریقہ اے کے خلاف اپنے پہلے مقابلے میں ۹ وکٹ سے کامیابی حاصل کی تھی جبکہ دوسرے میچ میں انڈیا اے کو ۱۱۹ رن سے شکست دے دی تھی۔ آسٹریلیا اے کی جانب سے کرس لن نے ۶۳ رن کی سب سے طویل اننگز کھیلی جبکہ آٹھویں نمبر پر آنے والے زمپا نے ۴۹ گیندوں میں ۷ چوکے اور ایک چھکا لگا کر ۵۴ رن کی اننگز کھیلی۔ فرگیسن نے ۶۳ گیندوں میں ۲ چوکے لگا کر ناٹ آؤٹ ۴۵ رن کی اہم اننگز کھیل کر ٹیم کو جیت تک پہنچایا۔

انڈیا اے کی جانب سے کرن شرما نے تسلی بخش گیند بازی کی اور ۱۰ اوور میں ۴۵ رن دے کر سب سے زیادہ ۳ وکٹ لئے۔ بلے بازی میں ہندوستان کی جانب نے مینک اگروال نے ۶۱ رن اور منیش پانڈے ۵۰ رن بنا کر نمایاں بلے باز رہے۔ ان کے علاوہ کوئی اور بلے باز زیادہ وقت کریز پر نہیں کھیل پایا۔

آسٹریلوی ٹیم میں پھوٹ کے دعوے بکواس: کلارک

سڈنی (ایجنسی): آسٹریلیا کی ٹیسٹ ٹیم کے کپتان مائیکل کلارک نے ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے ان دعوؤں کو مسترد کردیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ ٹیم کا مایوس کن دورۂ انگلینڈ میدان کے باہر کے واقعات سے متاثر ہے۔ انہوں نے ان دعوؤں کو بکواس قرار دیا ہے۔ ۳۴ سالہ کلارک نے انگلینڈ کے خلاف ٹرینٹ بریج میں سنچری کو چوتھے ٹیسٹ میں اننگز اور ۷۸ رنوں کی شکست کے بعد اعلان کیا تھا کہ وہ ۵ میچوں کی ایشیز سیریز کے بعد ریٹائرمنٹ لے لیں گے۔ وہ اپنا آخری ٹیسٹ ۲۰ اگست سے دی اوول میں کھیلیں گے۔

ان کی الوداعی پر اگرچہ میدان کے باہر کی پھوٹ کا سایہ دیکھ سکتے ہیں جس سے وابستہ خبریں آسٹریلوی میڈیا میں آئی ہیں۔ سڈنی ڈیلی ٹیلیگراف نے دعویٰ کیا ہے کہ ۲ سینئر کھلاڑیوں کی بیویوں کے درمیان طویل عرصے سے جھگڑا ہے جس سے توجہ ہٹ رہی ہے۔ اس کے ساتھ ہی دعویٰ کیا گیا ہے کہ کلارک کے ٹیم بس میں سفر کرنے سے انکار کرنے اور ٹیم کے ساتھیوں کے ساتھ نہیں گھلنے ملنے کے علاوہ خاندانی وجوہات کی بنا پر بریک لینے والے مقبول نائب کپتان بریڈ ہیڈین کو دوبارہ موقع نہیں دینا بھی کھلاڑیوں کو پسند نہیں آیا ہے۔ کلارک نے سڈنی ریڈیو اسٹیشن ٹرپل ایم سے کہا کہ ٹیم میں کسی بھی طرح کے اختلاف نہیں ہیں۔ کھلاڑی اسی طرح متحد ہیں جیسے دیگر ٹیم کے کھلاڑی رہتے ہیں۔

کلارک نے کہا کہ مختلف گاڑیوں میں سفر کرنا، دورے پر بیویوں اور خاتون دوستوں سے پریشان رہنا یہ بالکل بکواس ہے۔ اخبار میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ کلارک اور باقی ٹیم کے درمیان میدان کے باہری رشتوں میں طویل تنازع کی وجہ سے ایشیز میں ناکامی ہوئی۔ خبر میں کہا گیا ہے کہ کلارک اکثر ٹیم بس کی جگہ ذاتی کار سے سفر کرنا پسند کرتے ہیں اور ٹیم کے ایک ساتھ وقت گزارنے کے دوران بھی وہ بہت کم ہی موجود رہتے ہیں۔

یاسر کی رینکنگ میں بہتری

دُبئی (ایجنسی): بین الاقوامی کرکٹ کونسل (آئی سی سی) نے ٹیسٹ کرکٹ کی نئی عالمی رینکنگ جاری کردی ہے۔ پاکستانی بلے باز یونس خان عالمی درجہ بندی میں ساتویں نمبر پر ہیں جبکہ نئے پاکستانی بولر یاسر شاہ پانچویں پوزیشن پر ہیں۔ آئی سی سی کی جانب سے جاری کردہ ٹیسٹ کرکٹ کی عالمی رینکنگ میں انگلینڈ کے کھلاڑی جو روٹ بہترین بلے باز قرار پائے ہیں۔ روٹ نے ایشیز سیریز کے ابتدائی ۴ میچوں میں مجموعی طور پر ۴۴۳ رن اسکور کئے ہیں۔ ان میں ۲ سنچریاں اور ۲ نصف سنچریاں شامل ہیں۔ ان کی اس شاندار بلے بازی کی مدد سے انگلینڈ نے ایشیز سیریز میں ایک۔ ۳ سے فیصلہ کن برتری حاصل کرلی ہے۔ دوسری پوزیشن جنوبی افریقی بلے باز اے بی ڈیویلیئرس کے حصے میں آگئی ہے۔ تیسری پوزیشن پر اسٹیون اسمتھ ہیں۔ چوتھے نمبر پر جنوبی افریقہ کے بلے باز ہاشم آملہ ہیں۔ پانچویں اور چھٹی پوزیشنوں پر سری لنکا کے بلے باز بالترتیب کمار سنگاکارا اور انجیلو میتھوز ہیں۔

سرگرمیاں

حاجی عبدالرزاق کالیسکر کے سانحہ ارتحال پر تعلیمی اداروں میں قرآن خوانی، تعزیتی نشست

ممبئی (اسٹاف رپورٹر): محسن قوم حاجی عبدالرزاق کالسیکر کے انتقال پر ملال پر یوں تو ممبئی اور مہاراشٹر کے مسلمانوں میں ہر کوئی رنجیدہ ہے لیکن خاص طور پر تعلیمی ادارے غمزدہ ہیں جن کیلئے حاجی صاحب کے دل میں بڑی قدر و منزلت تھی اور جو اُن کی سرگرمیوں پر اظہار مسرت کیا کرتے نیز اُن کی فراخدلی سے معاونت کیا کرتے تھے۔ جن اداروں نے اس اخبار سے رابطہ قائم کیا اور اپنا تعزیتی پیغام روانہ کیا اُن میں سے چند حسب ذیل ہیں:

انجمن اسلام میں قرآن خوانی، تعزیتی جلسے اور تعطیل

انجمن اسلام کے صدر ڈاکٹر ظہیر قاضی نے قوم و ملت، متعدد تعلیمی اداروں بالخصوص انجمن اسلام کے بہی خواہ حاجی عبدالرزاق کالسیکر کے انتقال پر ملال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ موصوف انجمن اسلام کے ہر منصوبے کی تکمیل میں ہمیشہ پیش پیش رہے۔ انجمن اسلام سے ان کو قلبی تعلق تھا اور وہ اس عظیم تعلیمی، سماجی اور ثقافتی ادارے کی ہمہ جہت ترقی خاص طور سے ملّی تشخص کے بارے میں یاددہانی کراتے رہتے تھے۔ ان کے انتقال سے انجمن اسلام کے تمام عہدیداران، اساتذہ اور طلبہ رنجیدہ ہیں اور اللہ رب العزت کی بارگاہ میں ان کی مغفرت کے لئے دعا کرتے ہیں۔ ڈاکٹر ظہیر قاضی نے تعزیتی بیان میں مزید کہا کہ جیسے ہی حاجی صاحب کے انتقال پر ملال کی خبر پہنچی، انجمن اسلام کے تمام اداروں میں قرآن خوانی اور تعزیتی جلسہ کرنے کے بعد تعطیل کا اعلان کردیا گیا۔

ایجوکیشنل اینڈ ویلفیئر فاؤنڈیشن، ناگپاڑہ

جناب حاجی عبدالرزاق کے انتقال پر ملال پر ایجوکیشنل اینڈ ویلفیئر فاؤنڈیشن کے صدر عزیز مکی، سعید خان، شہباز صدیقی و جمیع عہدیداران اور ممبران نے گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ ان کے انتقال پر عزیز مکی نے کہا کہ مجھے اس سانحہ سے بڑا صدمہ پہنچا ہے۔ ان کا انتقال پوری ملت، خاص کر انجمن اسلام کا بڑا نقصان ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے اور جنت الفردوس میں مقام اعلیٰ عطا فرمائے نیز تمام اہل وعیال اور متعلقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

دارالعلوم اسلامیہ، ارلا

دارالعلوم اسلامیہ ارلا جامع مسجد کے زیر اہتمام نورمحمدی مسلم جماعت رجسٹرڈ کے خصوصی سرپرست اور معاون اور دیگر بہت سے موقر اداروں کے سرپرست اور خیرخواہ خادم قوم اور ملت الحاج عبدالرزاق کالسیکر کا انتقال ملت کا بڑا نقصان ہے۔ نورمحمد مسلم جماعت ٹرسٹ اور دارالعلوم اسلامیہ کے ذمہ داران، ممبران، اساتذہ اور طلبہ سبھی مرحوم کے لئے دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان کو کروٹ کروٹ سکون نصیب فرمائے اور ان کے صدقات جاریہ کو قبول فرما کر ان کی مغفرت فرمائے نیز پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

تھیم کالج، بوئیسر میں تعزیتی نشست

ملت کے تئیں دردمند دل رکھنے اور اُن کی دشواریوں کو دور کرنے میں حددرجہ معاونت کرنے والے جناب عبدالرزاق کالسیکر کے انتقال کی خبر ملنے کے بعد تھیم کالج آف انجینئرنگ، بوئیسر میں تعزیتی نشست کا انعقاد کیا گیا جس میں شرکاء نے گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کیلئے دُعائے مغفرت اور درجات کی بلندی کی دُعا کی۔ اس موقع پر کالج کے سیکریٹری ڈاکٹر شوکت علی نے مرحوم کی شخصیت اور خدمات پر تفصیل سے روشنی ڈالی اور بتایا کہ تھیم کالج کے چیئرمین حاجی اور حسین تھیم نے مرحوم عبدالرزاق کالسیکر ہی سے متاثر ہوکر تھیم کالج کی بنیاد ڈالی تھی۔

عبدالرزاق کالسیکر کی ان کے دفتر میں لی گئی ایک یادگار تصویر

بھساول میں جماعت اسلامی کی جانب سے عید ملن کی تقریب

مراٹھی مقرر پٹوے سر تقریر کرتے ہوئے

بھساول: یہاں حال ہی میں عید ملن کا پروگرام ایم آئی تیلی انگلش میڈیم اسکول میں منعقد کیا گیا تھا۔ پروگرام کا آغاز تلاوت قرآن سے ہوا۔ محمد طاہر خان نے افتتاحی تقریر میں جماعت اسلامی کا مقصد پیش کیا۔ ان کے بعد مہمان مقرر پٹوے سر (جلگاؤں) نے مراٹھی زبان میں بڑے اچھے انداز میں برادران وطن کے سامنے اسلام، مسلمان، دین، توحید اور آخرت کی تشریح پیش کرتے ہوئے بتایا کہ اسلام شانتی کا مذہب ہے۔ وہ تمام انسانوں کیلئے آیا ہے اور وہ آپس میں بھائی چارگی اور انسانوں سے محبت کرنا سکھاتا ہے۔

ان کے بعد سہیل امیر شیخ (کوآرڈینٹر یوتھ ونگ، مہاراشٹر) نے ہندی میں تقریر کرتے ہوئے رمضان اور روزے کا مقصد بتایا۔ انہوں نے کہا کہ روزہ تمام حرام اور بری چیزوں سے رک جانے کا نام ہے۔ صرف اسی مہینے میں نہیں بلکہ رمضان کے بعد ۱۱ مہینوں میں بھی غلط کاموں سے رکنا چاہئے۔ انہوں نے توحید و آخرت کا تصور پیش کرتے ہوئے کہا کہ دنیا میں اللہ تعالیٰ کا انسانوں کو بھیجنے کا مقصد یہ ہے کہ انسان صرف ایک خدا کی عبادت کرے اور اس سے ڈرتے ہوئے زندگی گزارے۔ اسی طرح اسے دنیا میں شانتی ملے گی اور مرنے کے بعد دوسری زندگی میں بھی اسے کامیابی حاصل ہوگی۔

اس پروگرام میں کثیر تعداد میں برادران وطن شریک تھے۔ آخر میں ایم ایل اے سنجے سوکارکو ہندی ترجمے کے ساتھ قرآن کا نسخہ پیش کیا گیا جسے قبول کرتے ہوئے انہوں نے خوشی کا اظہار کیا اور پروگرام سے متاثر ہوکر اسے سراہا۔ اس طرح یہ پروگرام شیر خرمے سے تواضع کے بعد کنوینر امیر مقامی خواجہ جواد کے شکریہ کے بعد ختم ہوا۔

ناگپور اسلامیہ اسکول میں ڈاکٹر کلام کو خراج عقیدت

اسلامیہ ہائی اسکول اینڈ جونیئر کالج میں منعقدہ تعزیتی میٹنگ میں شرکاء کا اظہار خیال

ناگپور: بھارت رتن، میزائل مین اور سابق صدر جمہوریہ ڈاکٹر اے پی جے عبدالکلام کے انتقال پر حال ہی میں اسلامیہ ہائی اسکول اور جونیئر کالج مومن پورے ناگپور میں ادارے کے مجلس منتظمہ کے صدر الحاج یونس انیس انصاری کی صدارت میں ایک تعزیتی میٹنگ کا انعقاد کیا گیا۔

اے پی جے عبدالکلام کیلئے منعقدہ تعزیتی نشست کا ایک منظر

مقررین نے انہیں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ وہ شہرت و مقبولیت کی انتہائی بلندی پر پہنچنے کے بعد بھی بے حد ملنسار اور انسانیت نواز تھے۔ وہ ملک کے گیارہویں اور تیسرے مسلمان صدر جمہوریہ تھے۔

ان کی وفات نے ذات پات مذہب اور علاقے کی تفریق کو مٹا دیا اور ہر ہندوستانی ان کی وفات کے غم میں ڈوب گیا۔ اس موقع پر سابق پرنسپل ڈاکٹر حاجی ابوالکلام، ایڈیٹر قرطاس حاجی محمد امین الدین، پرنسپل نسیم النساء اور دیگر اہم افراد موجود تھے۔ دعا کے ساتھ پروگرام کا اختتام عمل میں آیا۔

شہادہ: نیشنل اسکول میں قاضی مجاز احمد کیلئے الوداعی تقریب

شہادہ: کے جی ایم نیشنل ہائی اسکول کے سینئر کلرک قاضی مجاز احمد محی الدین اپنی ملازمت کے ۳۵ سال مکمل کرنے کے بعد ۳۱ جولائی کو سبکدوش ہوگئے۔ اس موقع پر ان کے اعزاز میں اسکول میں ایک الوداعی تقریب منعقد کی گئی۔ خدائے پاک کی حمد و ثنا اور بارگاہ رسالت میں عقیدت کے دو لفظ کہنے کے بعد قاضی مجاز احمد کا اسکول کے صدر مدرس وقار خان کے ہاتھوں اکرام کیا گیا۔ بعد ازاں اسکول کے سینئر صدر مدرس عارف علی، سینئر ٹیچر رفیق دیشکھ، پرویز خان، محسن خان، اسکول کے غیر تدریسی عملہ شیخ اقبال، نواب منشی، قاضی سجاد، فروغ احمد، فیروز خان اور نور محمد خان نے اپنے خیالات کا اظہار کیا اور قاضی مجاز احمد کے کاموں کی ستائش کی۔


قاضی مجاز احمد

درس و تدریس

پورا کیجئے ڈاکٹر بننے کا خواب اور کیجئے لاعلاج بیماریوں کا بھی علاج
نیچروپیتھی کورسیس کیلئے داخلے جاری ہیں
(P.Y.N., N.D. & N.D.Sc.)
دسویں اور بارہویں (سائنس) پاس اور دوسرے طلباء کیلئے نیچروپیتھی، یوگا اور ایکیوپنچر سیکھنے کا بہترین موقع، ساتھ ہی نئے نوجوان ڈاکٹر بھی سیکھ سکتے ہیں لاعلاج بیماریوں کا علاج کرنا، بین الاقوامی شہرت یافتہ ڈاکٹر مرزا انور بیگ کی رہنمائی میں
P.Y.N.: فاؤنڈیشن کورس: مدّت ایک سال (دسویں)
N.D.Sc.: ڈپلوما کورس: مدّت دو سال (بارہویں، سائنس/ P.Y.N.)
N.D.: خاص کورس: مدّت ۶ مہینہ، (میڈیکل پراکٹیشنر /N.D.Sc.)
آعرش اکیڈمی آف الٹرنیٹو تھیراپی اینڈ ریسرچ
سرکار سے منظور شدہ نیچر کیور انسٹی ٹیوٹ
۱۰۱ روشن شاپنگ سینٹر، ۱۰۰ فٹ روڈ، ال۔ شمس مسجد کے سامنے، نیا نگر، میرا روڈ (ایسٹ)
رابطہ: 9833516531 / 9833516710 / 9322739036 / 022-28116765
safa 9820796804

CLASSIFIED عوامی اشتہارات

NOW! BOOKING AN AD IN MiD DAY CLASSIFIEDS IS JUST A PHONE CALL AWAY
mid-day classifieds
For more details call 7122 1450
Origin Beanstalk Thinkers

"Required" Lecturer in "(Hindi)" for Night Junior College of Commerce. "M.A. (in Hindi)" "B.Ed (Hindi) Contact:- Principal- 6:00- 9:30 p.m. Madanpura Night Junior College of Commerce, Mohammed Umar Rajjab Municipal School Madanpura, Mumbai- 400008 Phone:- 23051538, 9821980648. (30176836)

Work Online On Internet earn Rs. 1000 Daily. Life Time Job for Indians. Join. www.BharatWorkOnline.com (30171170)

بھیونڈی بیگ فیکٹری کیلئے (۱) قابل انچارج، (۲) سیکیوریٹی افراد مطلوب۔ رابطہ: 022-23054900۔ (30176534)

Delux کمپنی میں لڑکے۔ لڑکیاں چاہئے۔ کمایئے 9000/- سے 20,000/-۔ تعلیم نہیں، رہائش مفت۔ تھانے: (30176695)-7738206383

تعزیت

تعزیت مسنونہ

ہمدرد قوم وملت جناب الحاج عبدالرزاق کالسیکر صاحب کے انتقال پر بامید ایجوکیشنل اینڈ شوشل ٹرسٹ (BEST) کی جانب سے تمام متعلقین کی خدمت میں تعزیت!!! اللہ مرحوم کے درجات بلند فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے اور ملت کو نعم البدل عطا فرمائے۔

محمود احمد خان دریابادی
سلیم موٹر والا
سید سہراب
منجانب

ضرورت ہے

گھر کیلئے خاتون باورچی، ماہم میں آفس کیلئے مرد آفس اسسٹنٹ، صفائی کیلئے آفس بوائے چاہئے۔ 9322444050۔ (30176620)

جیوتش

جیوتش، وشی کرن، مہا موہنی، مٹھ کرنی، شوہر بیوی ان بن، محبت جوڑنا توڑنا، محبت کی شادی، زندگی کے کسی بھی مسئلے کا گھر پہنچ کر حل ملے گا۔ 9699327462/ 8454866803۔ (30176219)

شکتی پیٹھکار، ہر علم کے ماہر جیسے جادو، پیار، شادی، سوتن، طلاق، کورٹ، بیرون ملک نوکری، کاروبار میں بندش، وشی کرن اسپیشلسٹ، اعظم شاہ۔ 9321050667۔ (30176698)

---

11 گھنٹے میں شرطیہ فائدہ، وشی کرن، محبت کی شادی، گرہ کلش، اولاد کی خواہش، طلاق، کاروبار، شادی میں رکاوٹ، دشمن/سوتن چھٹکارہ، جادو ٹونا، مٹھ کرنی، وشی کرن وغیرہ۔ گروجی: 9323391886-(30176828)

روحانی قوت کے ماہر، ایک ہی فون کریں 7 گھنٹے میں سبھی مسائل سے چھٹکارا! تجربے سے بنتے کام! بنا تجربے نہیں ہوتے کام! 30 سالہ تجربہ کار رضا خان۔ 9323444331۔ (30176820)

ونایک راجہ جیوتش تھانے (مغرب)، ایک گھنٹے میں حل۔ سوتن پریشانی، دشمن دکھ، اولاد نرینہ، گرہ کلش، محبت کے مسئلے، وشی کرن اسپیشلسٹ، 7715981900-(30176826)

کوریئر سروسیس

بیرون ممالک پارسل بھیجئے: امریکہ/لندن/آسٹریلیا میں کہیں بھی۔ بالکل کم خرچ میں، بہترین خدمات۔ "چیتھیر"۔ 9930011100-(30175960)

فائنانس

Loan Mela loans 1 lakh- 30 Crore- 3% interest yearly, No advance EMI, Fulton Finance Co. 09891926723, 09891926724. (30175034)

پیسٹ کنٹرول

کلیمول (انڈیا) سروسیس (۱۹۸۷)۔ پیسٹ کنٹرول، ہاؤس کیپنگ، سوفا، کارپیٹ، پردے، کار کی صفائی۔ 9322504177/ 9769582746۔ (30175763)-9987092172